اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

28/27 مئی کو سورج کی مدد سے صحیح سَمتِ قبلہ (Direction of Qibla) معلوم کیجئے

سال میں 2 مرتبہ (28/27 مئی اور 16/15 جولائی کو) سورج کعبہ معظّمہ کے اوپر آتا ہے۔ اور اس وقت کسی شے (Object) کے بننے والے سایے (Sun Shadow) کی مدد سے (مساجد اور گھروں وغیرہ کیلئے) بآسانی درست سمت قبلہ معلوم کی جاسکتی ہے۔

توجہ خاص: اگر اصل قبلہ سے (دائیں یا بائیں) 45 درجہ کے اندر اندر نمازیں پڑھیں گئیں، ادا ہوگئیں۔

(خلاصہ بہارشریعت ج اوّل حصہ 3 ص 487 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی)

طریقہ: 28/27 مئی کو عرب شریف کے وقت کے مطابق دن 12:18 (گرین وچ کے مطابق صبح کے 9:18) پر کسی بھی لکڑی یا سریے (Iron Rod) وغیرہ کو عموداً (Vertical) کھڑا کریں اس احتیاط سے کے وہ کسی جانب جھکا نہ ہو۔ یا کسی ڈوری کے سرے پر کوئی وزنی چیز باندھ کر لٹکائیں۔

اب درج شدہ وقت پر بننے والے سائے پر کوئی نشان لگادیں۔ (دیگر مشہور ممالک کے اوقات آخر میں درج ہیں) اگر یہ عمل 4،2 منٹ قبل یا بعد بھی کیا تو کوئی حرج نہیں۔

اب سائے کے نشان پر کھڑے ہو کر اس لکڑی، سریے (Iron Rod) یا ڈوری کی جانب رخ کرنے سے عین کعبہ کو رخ ہو جائے گا۔

ممالک کے نام	معیاری وقت
گھانا، گمبیا، ماریطانیہ، مالی، ٹوگو وغیرہ	9:18 AM
برطانیہ (u.k)، آئس لینڈ، آئرلینڈ، بینن، نائجر، نائجیریا، کونگو وغیرہ	10:18 AM
البانیہ، آسٹیریا، ڈنمارک، فرانس، اٹلی، نیدرلینڈ، ناروے، اسپین، سویڈن، مصر، بوٹسوانا، لیسیتھو، ملاوی، موزمبیق وغیرہ	11:18AM
عرب شریف، بحرین، عراق، کینیا، کویت، قطر، تنزانیہ، یمن، سوڈان، بلغاریہ، گریک، ترکی، جورڈن، لبنان، فلسطین، شام وغیرہ	12:18 PM
عرب امارات، عمان، موریشس وغیرہ	1:18 PM
ایران، افغانستان	1:48 PM
پاکستان، تاجکستان وغیرہ	2:18 PM
انڈیا، سی لنکا	2:48 PM
نیپال	3:03 PM
بنگلا دیش	3:18 PM
انڈونیشیا (جاوا)، تھائیلینڈ	4:18 PM
چین، ھانگ کانگ، ملائیشیا، فلپائن، سنگاپور، تائیوان، انڈونیشیا (کالیمنٹن) وغیرہ	5:18 PM
جاپان، کوریا	6:18 PM

مجلس توقیت (دعوت اسلامی)
Email:prayer@dawateislami.net